مژگاں تری نے دی ہیں صفوں کی صفیں بچھاڑ

کتنا شگفتہ رو ہے کہ مانند آرسی
چھاتی کے جسکے سامنے کھل جائیں ہیں کواڑ

منعم نہ مر بنا کے عمارت کی فکر میں
یہ سب حویلیاں ہیں جہاں تک ہیں اجاڑ

بدتر ہے مے کے پینے سے رشوت کلال کی
کہہ محتسب سے دختر رز کی نکہا ہے بہاڑ

تنہا نہ شمع روویے ہے سودا کی خاک پر
گل بھی تو توڑتے ہیں گریباں کو پھاڑ پھاڑ

ردیف زا

بے خبر درد محبت سے ہے وہ یار ہنوز
دیکھے ہے دل دینے کے واقف نہیں دلدار ہنوز

رحم سرگشتگی میری پہ اسے کیا آوے
نہیں گلیوں میں گئی اسکی شب تار ہنوز

نہ ابھی قطرۂ اشک اسکی مژہ تک آیا
نہ گیا اسکے گریباں کا کوئی تار ہنوز

آپ نالاں ہو تو دیوے مری فریاد کی داد
سو تو وہ گل ہے نہیں بلبل گلزار ہنوز

کیوں نہ بہا دے اسے قسمت شکنی سودا کی
جس دل اپنی تو ڈالی نہیں بازار ہنوز

یار کے حسن سے ہیں بے خبر اغیار ہنوز
نہیں آتش شعلہ سے آگہ یہ خس و خار ہنوز

بال و پر ہوئے ہین تیرے ہو دار ہنوز
تب سی اس کنج قفس مین ہین گرفتار ہنوز

ہو گئے پامال مگر ہمکو رہا ہی صیاد
شوق پرواز نہین ما سر دیوار ہنوز

آہ یہہ کسکی شکایت ہی مرے دلمین کہ تیرم
جسکی دیتی ہی نہین رخصت اظہار ہنوز

تب سی پامال ہی دل کا ورق صبر و قرار
سبق ناز نہ لیتی تہی وہ رفتار ہنوز

زخم شمشیر ستمگر نے کیا اپنا کام
یارو تم ڈہونڈتے ہو مرہم زنگار ہنوز

تیری دوری سی عجب حال ہی اب سودا کا
مین تو دیکھا نہین ایسا کوئی بیمار ہنوز

حق تعالے اُسی جیتا ہی رکہے دنیا مین
اس قباحت سی نہین ہے تو خبردار ہنوز

قیس و فرہاد کے ماتم سے تو چکین اتبک
دشت ہین خاک بسر روتے ہین کہسار ہنوز

کسکے ہین زیر زمین دیدۂ نمناک ہنوز
جابجا سوت ہی پانی کی تہ خاک ہنوز

ایکدن گہیر مین دامن کا ترے دیکھا تہا
گرد پہرتے ہین گریبانکے مرے چاک ہنوز

باغ مین جبسے گیا تہا تو خمار آلودہ
گل ہین خمیازہ مین انگڑائی مین ہین تاک ہنوز

زخم دل پر ہے مرے تیغ جنونکا ناصح
تو گریبان کا ناداں سئے ہی چاک ہنوز

کیونکے سودا مین کرون وصف بناگوش اُسکا
کی نہین آب گہر سے یہہ زبان پاک ہنوز

ردیف سین

ساقی گئی بہار رہی جیمین یہہ ہوس
تو منتون سے جام دے اور مین کہون کہ بس

کچہہ اس چمن مین ہمنے نہ دیکہا مگر حباب
آب روان کو سیر کیا سو بہی یکنفس

ردیف شین

دین شیخ و برہمن نے کیا یار فراموش
یہ سبحہ فراموش وہ زنار فراموش

دیکھا جو حرم کو تو نہین دیر کی رخصت
اس گھر کی فضا کر گیا معمار فراموش

بھولے نہ مرے دل سی مرا مصرع جانگاہ
نالہ نکرے مرغ گرفتار فراموش

دل سے نہ گئی آہ ہوس سیر چمن کی
اور ہمنے کیا رخنۂ دیوار فراموش

یا نالہ ہی کر شمع تو یا گریہ کو ناصح
دو چیز نعاشق سی ہو یکبار فراموش

بھولا یہ دن ہون آپکے اک عمر سے لیکن
تجکو نکیا دل سے مین زنہار فراموش

دل درد سی کسطرح مرا خالی ہو سودا
وہ ناشنو حرف مین گفتار فراموش

سینے مین ہوا نالہ و پہلو مین دل آتش
دیکھے ہی پڑا جی کہ نہو مشتعل آتش

اشک آتش و خون آتش و ہر لخت دل آتش
آتش پہ برستی ہی پڑی مشتعل آتش

یک لخت طرف ہو کے مرے دیدۂ تر سے
تا دم تو سمندر ہے سدا منفعل آتش

یاقوت نہین وہ ہی ترے لعل سے اے شوخ
جا ڈوب موئی آب مین ہو کر خجل آتش

داغ آج سی رکھتا نہین ان سنگدلون کا
مدت سی ہوئی ہے مری چھاتی پہ سل آتش

دل عشق کے شعلہ سی جو بھڑکا تو رہا کیا
اے جان نکل جا کہ لگی متصل آتش

یک قطرہ مے لے اڑی سودا کو جگہ سے
باروت کے تودے کو ہی بس ایک تل آتش

دوری سی ہے تری اپنے دل زار کو آتش
ہے یاد چمن مرغ گرفتار کو آتش

یہ گرم تگاپو ہین تری راہ طلب مین
یہان آبلۂ پا ہے سر خار کو آتش

اندام مین کچھ اسکے تب ہجر نہین ہے
دی عشق نے ظالم ترے بیمار کو آتش

گل سر پہ نہین دوڑو بجھانیکو مرے دو
زاہد کے لگی گوشۂ دستار کو آتش

با چشم تر اب اسکو ہین دیکھو ہوئی صیاد اٹھ
ہووے نگہہ گرم مری یار کو آتش

ایر اسکو بجھاتا ہی رہ ہ بجھتی نہین سودا
دی لاگ خود رونے یہہ کہسار کو آتش

آشیان کو مت اجاڑا کر کے فریاد و خروش
باغبان ظالم ابھی ہوویگا اب بلبل خموش

دیکھے وہ انکھیان کوئی محراب ابرو کے تلے
اے مسلمانون ہی مسجد مین دکان میفروش

اتہرے ہی کیا حباب نمط اے حریر پوش
یہان جسکو دیکھئے سو ہوا کفن بدوش

سکہہ نیند زیر سقف فلک کیونکے ہو سکین
ایدھر دہل بجے ہی ادھر نوبت و خروش

ردیف صاد

وہ مانگتا ہون ترا حق سے مہربان اخلاص
رکہے ہی خضر سے جون عمر جاودان اخلاص

دلون مین ہتھونکے مین ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر ہارا
کہین جو پایا ہی مینے تو بر زبان اخلاص

مجہے یقین ہے کہ اخلاص بہی ہے زر کا نام
کرے گدا سی نہ نواب اور خان اخلاص

دل اسکا کیونکے ملے دل سے مرے یارو
جہان ہے تیشہ و سنگ اس جگہہ کہان اخلاص

وہ کیونکے دوست ہو مجہسے اگر خدا چاہے
تو ہووے پنبہ و آتش کے درمیان اخلاص

نہ اپنے دید مین آیا کبہو بروے زمین
تمام ہوگا کوئی زیر آسمان اخلاص

ثبات دوستی اے دل نہ دلبرون سے چاہ
کہ بار رہا مین کیا انسے امتحان اخلاص

آرام پھر کہان ہے جو ہو دل مین جاے حرص
آسودہ زیر چرخ نہین آشنای حرص

ممکن نہین ہے یہہ کہ نہ بہرے کا سہ طمع
دن مین کترور گہر جو بہر ادے گداے حرص

انسان ہو نہ ذلیل نہ ناحق پہا پہرے
ذلت کوئی کسیکو نہ ہو تو سواے حرص

نادان تلاش طرۂ زر سی تو باز آ | جون شمع یہ ہو کہ ترا سر کشای حرص
اپنے سوا کسیکو نپایا حریص مین | کی قطع روزگار نے تجہپر قبای حرص

سودا بسر ہو خوبی سے اوقات ہر طرح
پر درمیان نہووے بشرطیکہ پاے حرص

ردیف ضاد

شبنم بنا ہو تو لیکر گل سے ہی تا خار فیض | بخشے یارون کو بصورت جمال یار فیض
فیض ہے وابستۂ تار عقیدت ورنہ یار | نفع نے تسبیح بخشتی ہے نکچہ زنار فیض
بخشے ہی یون تقویت دلکو مرے دشنام یار | جون دواے تلخ سے پاوے کوئی بیمار فیض
مہر سے جون مہ کو پہنچے ہی ضیا جو خوبرو | تیرے سنگہہ ہو تو پہنچاوے تیرا رخسار فیض
جی بچے دو دن ہمتون نے تو غنیمت جانیو | کسکو گنج اپنے سی پہنچادی یار زردار فیض
کرکے صاف آئینۂ دل اسمین تو دیکہہ اسکو | بخشنے کا اے یار تیرا ہی سبب دیدار فیض

توننے وہ سودا زبان ریختہ ایجاد کی
پڑھ کے ایک عالم اٹھاتا ہی ترے اشعار فیض

چہوڑا ہین کفر و دین ہے فقط یار سے غرض | تسبیح سی نہ کام نہ زنار سے غرض
سینے مین دل جو ہی سو ترے یاد کے لئے | جز دید کیا ہی دیدۂ خونبار سی غرض
طوبی کی چہاؤن تجکو مبارک ہو زاہدا | ہے دل کو اپنے سایۂ دیوار سے غرض
پیارے کہین یہہ مفت نہ دام مرنجاے | غافل نہو تو مرغ گرفتار سے غرض

تم کان دہر سنو نہ سنو اسکے حرف کو
سودا کو ہے گی اپنی ہی گفتار سی غرض

ردیف طا

جا منا نفع فرومایہ سے تو اللہ غلط
ڈر کو سمجھے جو کوئی ہے بتہ جاہ غلط

اے رشک چمن راست سمجھہ خواہ غلط
گل ترے عہد مین بلبل کا ہو دلخواہ غلط

ٹکڑے ٹکڑے ہی کتان تجھہ بدن سیمین بر
عاشق سے نہ سمجھہ اسکو ہی باللہ غلط

عشق کو ترے چھپایا تو ہے دل مین لیکن
صفحۂ آتش کا ہی رہنا بتہ کاہ غلط

دونون سے ہمنے اثر دل مین نپایا اسکے
نالۂ شب سے عبث آہ سحرگاہ غلط

اب تو ہے آمد و شد آپ کی ہر ایک جگہہ
راہ ایدھر بہی جو سمجھے کہیدو بیگاہ غلط

بزم آراستہ کی جسکے لیئے اے سودا
آج انکی ادہر اسکی ہے افواہ غلط

چودھوین رات ہی اور وہ دل عالم کا چور
دزد کا گھر سے نکلنا شب ماہ غلط

ہ نشاط

تو جو ہو پاس تو ہی صبح طرب شام نشاط
دیکھنا تجکو ہے اے جان و دل آرام نشاط

فضل حق جسکی طرف ہو تو اُسی بخشے ہے
دور ساغر کی طرح گردش ایام نشاط

دل جنونکا ہی اسیری کے مزے سے آگاہ
ہی قفس بیچ اُنہین عیش و تہ دام نشاط

عکس تا اُسکی نگہہ کا نہ پڑے جام کے بیچ
ہو سکے نشۂ مے سے نہ سرانجام نشاط

دیکھہ ہوتی ہے تجھے قمری و بلبل شادان
تو ہے اس باغ مین اے سرو گل اندام نشاط

شیشہ ہی زیر بغل آبلۂ دل سودا
مے سی ہمکو نہین ہے ساقی گلفام نشاط

یون ہی طریق عشق مین ہو راست یا غلط
اجر جفا درست ہی مزد وفا غلط

قاتل کو بیگنہ کے تو پہنچے ہی مزد قتل
وارث اگر قتیل کا لے خون بہا غلط

وا نشد ہی دل مرے کو ذم سرد سے مرے
اس غنچے کو شگفتہ کرے گر صبا غلط

قامت کو اپنے یار کی تشبیہ سرو دے

سودا اگر ہیں دو دن تو زر سر تا بپا غلط

ردیف ظا

زاہد وہ معنی قرآن کہے جو تو واعظ
بہتے دہن کے تئیں اپنے کر رفو واعظ

بتوں کی حسن پرستی سے کیا خلل دین میں
خدا نے دوست رکھا ہے رخ نکو واعظ

ثبوت حق کی کبریائی سبھوں پہ ہے لیکن
تری تو نفی کرم پر ہے گفت و گو واعظ

ڈرو ہو نہیں نہ کریں رند تری ڈاڑھی کا
تبرکات میں داخل ہر ایک مو واعظ

سخن ہے وہ کہ ہو تردد تو نکا ہو نادان
یہہ پوچ گوئی ہے جس سے ہی تجکو خو واعظ

کہا تو مان لے سودا کا تو یہ کر اس سے
لب و دہن کے تئیں کر کے شست و سو واعظ

ردیف عین

گو اب نہ مجھ غریب کے بالین تک آئے شمع
دل بیکسی کا مجھ پہ جلے ہے سدا ہے شمع

پروانے کے ہوں ہیں اثر عشق سے خجل
کیوں منفعل تجھے نہیں کرتی وفا ہے شمع

آتا ہے جی میں یہہ کہ قدم تیرے چھوڑ کر
گر رہے جوں پتنگ بہ بسم ہو سکے پا شمع

ٹپکا نہ تیری چشم سے مجھ پر تو اشک گرم
جلنے سے اسکے آپکو آگے جلائے شمع

لطف اس چہرے کے آگے کوئی یہاں رکھتی شمع
خوبی نظر و نہیں جہاں رکھتی ہے وہاں رکھتی ہے شمع

بس اٹھا آگے سے اپنے نہ کر اب اسکو خفیف
چشم پروانے میں اک عزت و شان رکھتی ہے شمع

سر پہ آ سکے بھی کیا فرض ڈھنپن کی لٹ ہو

کاکل اسطرح کی کب مشک فشان رکھتی ہی شمع

کتی ہے عسس یاسف ہی مین اُس بزم کے بیچ
تو ہے انگشت کہ جسکو بہ یان رکھتی ہے شمع

کیا کیا اِس خانۂ پر دود مین تھے بزم آرا
سو نہ اب نام ہے انکا نہ نشان رکھتی ہے شمع

ششدرہ تاب و تپ از بسکہ ہے زبان زد اُسکا
ہم بھی کہہ دین جو کوئی پوچھے تو ہان رکھتی ہے شمع

سوز تا سوز تفاوت ہے یقین کر سودا
داغ جو دل پہ ہے اپنے سو کہان رکھتی ہے شمع

ردیف غین

سرد مہری سے بتانکے مت گیا سوز دماغ
کر دیا ان ظالمون نے ملک دل کا بیچراغ

وای اس بیٹھے پر اے بلبل کہ جسکی ہو یہ قدر
خوار مین کوچہ بکوچہ تو ہے رسوا باغ باغ

مملکت ساری مین باور کر سلیمان کو نہ تھا
گوشۂ خاطر مین اپنے جی مجھے جو کچھ فراغ

بلبل خوش نغمہ ہون لیک اس گلستان جہان مین
نالۂ مرغ چمن سے کم نہین فریاد زاغ

خون کبھی اس بزم مین دو دل نہ دیکھے ایکجا
دم بدم مینا ہی روتا ہی تو ہنستا ہے ایاغ

حیف اس گلشن مین عاشق سر بطرف یا قبول
گل سدا بلبل سے ناخوش مجھے لیکن بے دماغ

دل اگر کھویا ہے سودا چھوڑ مت دنبال اشک
شاید اس دیوانے کا طفلان نے تو پایا ہے سراغ

ای لالہ گو فلک نے دئی تجھکو چار داغ
چھاتی مری سراہ کہ اک دل ہزار داغ

دیتا ہون جو ترا سینہ کہین تب تلک سجائے
نے سوز دل مرے سے نہیں بیقرار داغ

سینے سی سوز عشق ترا تا بہ لب بہ آب
تا ہووے گر جگر سے ہو جائے یار داغ

خورشید حشر ڈھونڈھی تو پاوے نہ منہہ پہ رنگ
ہو جاے دل میں کا اگر آتش سے دو چار داغ

سامنے ہو جانیکو دو چار ہونا

دل سوز عاشقاں کوئی سودا اب ہیں
وہ شمع جو عاشق پر دلسوزی کرے
پروانہ جل مرے تو وہ ہو شمع وار داغ

ردیف فا

دیکھوں ہوں یوں میں اس ستم ایجاد کی طرف
جوں صید وقت ذبح کے صیاد کی طرف

بے مشورت نگہہ کی تری طبع روزگار
آوے نہ تازہ جور کے ایجاد کی طرف

نے دانہ ہم قیاس کیا نہ لحاظ دام
دھنس گئے قفس میں دیکھ کے صیاد کی طرف

غیروں کی بات پر کبھوں کان مت رکھو
لیکن کبھو تو میری بھی فریاد کی طرف

طرے کے تیرے واسطے صد چوب شانہ وار
قمری گئی ہے کاٹنے شمشاد کی طرف

جور و ستم تعدی و اندوہ و درد و غم
مایل ہوئے ہیں اس دل ناشاد کی طرف

ساماں یار سب ہے مہیا پر اے اثر
میں دیکھتا ہوں تیری ہی امداد کی طرف

ثابت نہووے خون مرا روز باز پرس
بیت
تو لیں گے اہل حشر سو جلاد کی طرف

خوں کر رہا ہے جوش رگ جاں میں تری
سودا نہ دیکھ نشتر فصاد کی طرف

ردیف قاف

پروانہ رات شمع سے کہتا تھا راز عشق
مجھ ناتواں نے کیا کیا اٹھایا ہے ناز عشق

محراب تیغ دوست سلامت رہے مدام
کعبے میں جا کے کب میں پڑھوں گا نماز عشق

زندگی کیوں نہ ہووے مجھ پر شاق
یار بے اعتنا و دل مشتاق

بجھ میں اعضا کا ہے مرے یہ حال
تار پر شیرازہ میں ہوں جوں اوراق

الفت اس دل کی کب ہو دل کو مرے
یہ تو ہے لعل وہ ہے سنگ سماق

غم نہیں اُسکی بیوفائی کا
کر سکے ترک وفا نہ ہم سے فراق

مدر کیا اُس کے آگے اے سودا
منہہ تو دیکھو کہ جیسے ہو وے طباق

بلبل بچمن ہے گل گلزار کا عاشق
جو گل ہے سو تیرے گل رخسار کا عاشق

رہنے کو محبت کے جگہہ دی ہے میں دلمیں
نے سبحہ کا عاشق ہوں نہ زنار کا عاشق

باتیں مجھے بھاتیں ہیں آمیزش دشنام
ہوں اہل لئے اُس شوخ کی گفتار کا عاشق

ہر سرو ہے قامت کا ترے قمری تو والہ
اور کبک دری تک تری رفتار کا عاشق

کیا قدر رکھے جنس دل اُس شخص کی سودا
جسکا ہو فروشندہ خریدار کا عاشق

رنگ سے جسکے رسوا ہوئے ہے بیمار عشق
عشق کو یار د چھپا سکتا نہیں انکار عشق

گاہ اشک تر گہے خون گاہ ہے لخت جگر
اسطرح جاری ہے ان انکھوں سے کاروبار عشق

کیا کہوں اُسنے مجھے جوں کر دیا بیجا نہاں
سر پہ کافر کے نہ پڑیو سایۂ دیوار عشق

تھے سکندر طالع اسدم تک کہ دل تھا اپنے پاس
کھا گیا افسوس اس آئینہ کو زنگار عشق

اس چمن میں طرح بلبل کی وہ نالاں کیوں نہیں
روز و شب کتنا کرے سینے میں جسکے خار عشق

ناصح نہ آئے بک جو میں اگلا راز عشق
وہ کر چکے ہیں دین و دل و جان نیاز عشق

جھمکے ہے آنہیں حق کی تجلی کہ جو کوئی
جوں شمع ہو وے ہیں سراپا گداز عشق

نے حسن بیجا نے تب بھی مہار سے غرور کا
دیکھا نہیں ہے آج تلک میں نے ناز عشق

سودا یہہ قصہ خط سے نہ کوتاہ ہوسکا
ہے حسن زلف یار سے عمر دراز عشق

ردیف کاف

شمع اُس عارض کی سب کہتے ہین پہنچی نور تک
ہم سے جو پوچھے کوئی ہے حرف شمع طور تک

بھلا خدا تعالیٰ کے جو کوہ طور پر ہوئی تجلی تھی اوس سے مراد شمع طور رکھی ہے اوسکو کہنا ہے

بس چلے تو دیکھنے ہرگز نہ دے تجھکو نہ دل
آئینہ گھر مین ترے رہنے نہ دون مقدور تک

یعنی تو جو اپنے تئین آپ آئینہ مین دیکھتا ہے مجھکو اسکا یہہ رشک ہے مین چاہتا ہون کہ تو بھی اپنے تئین آپ نہ دیکھے مین ہی تجھے دیکھا کرون

حسب المقدور

آن کر اُس میکدی کے بیچ جز چشم پر آب
قسمت اپنی ہم نپائے ساغر معمور تک

بھرا ہوا

رہیو مت غافل نگاہ حسرت آلود اُسکی سی
پہنچے رقیب جان کنی گر اپنے تو رنجور تک

کون ہے عارف کو یہان دعوی انا الحق کا نہین

مین ہون خدا

یہہ ترانہ ختم لیکن ہوچکا منصور تک

گیت — نام ولی کا ہے

ہجو ہے اُس زلف کی تشبیہہ دینا مشک سے

کستوری

شاعرو یہہ بات پہنچیگی دراز و دور تک

یہہ غزل سودا کہی ہے تونے اُس انداز کی
ہند سے پہنچیگی ہاتھون ہاتھ نیشاپور تک

دیکھا کرون مین دور سے اے یار کب تلک
ترسا کرے مرا یہہ دل زار کب تلک

تنہا مین بستر اپنے پہ فکر وصال مین
لوٹون کروٹین سدا یہ شب تار کب تلک

تجھ بہ وصل میں نہیں مرض عشق کی دوا
جیوے کہو تو ہجر میں بیمار کب تلک

پہنچے اگر سو بات تو آوے ظہور میں
جھوٹے قبول کیجے یہہ اقرار کب تلک

دو روز کی بہار ہے اتنا نکر غرور
پیارے یہہ باغ حسن کا گلزار کب تلک

رشتہ نہو صنم کی جو الفت کا ہاتھ میں
گردن میں برہمن رکھے زنار کب تلک

اب کیجئے مرے مرض عشق کی دوا
رہئے گا دل کے درپئے آزار کب تلک

یوسف نہ ہاتھ آئے جو سودا بہ نقد دل
بیٹھا رہے دکان پہ خریدار کب تلک

رخ سے دیکھوں ہوں میں اس زلف سیہ فام تلک
شام سے صبح تلک صبح سے شام تلک

اک نفس گرد چمن ہم نہوئے پال فشان
آشیانے سے اٹھے اک راست گئے دام تلک

آپ سا مجکو تو زاہد نہ سمجھیو کور سواد
ناخواندہ جاہل کور باطن
خط خوباں سے پڑھا ہوں میں خط جام تلک

عدو سے دور ہے ایک اور خمار ہے ایک
گل ایک دشمن جان ہے مرا بہار ہے ایک

پہنچ شتاب کہ تنہا ہوں اسقدر ساقی
وہ چار دن ایک ہوئی ہیں یہہ دلفگار ہے ایک

بجھی تو بیچ رہے آنکھوں سے دل مرا لیکن
غضب ہے یہہ کہ ہیں جیتا دو شکار ہے ایک

بہ یقین جیسے ترے عہد میں دل و جان ہے
ادا یہ ایک فدا ناز پر نثار ہے ایک

یقین ہے یہہ کہ دراز اسسے عمر خضر نہو
ہے ایک اپنی شب ہجر و زلف یار ہے ایک

رہی نہ دین کی حرمت نہ عزت دنیا
خراب ایک ہے آ عشق سے خوار ہے ایک

ہوس رہی نہ چمن کی ہمیں تو داغوں سے
دل ایک باغ ہے اور آنکھیں ابر بہار ہے ایک

بکیجو تکیہ تو اس جسم و جان پر سودا
ہوا تو ایک ہے ان دو میں اور غبار ہے ایک

رہے اس فصل ہم اے بلبل و گل ناتوان یہان تک
نہ نالہ لب تلک پہنچا نہ چاک جیب داماں تک (گریبان ہو)

کوئی بیمار داروں سے یہہ کہیو جا کے جانان تک
مریض عشق کا تیرے نہ پہنچا کام درمان تک (علاج ہو)

عبث باندھوں ہوں لکھہ لکھہ شرح دل بال کبوتر پر
دنوں کے اڑ گئے پرزے نہ پہنچی کچھہ خبر وہان تک

ترے غم کا دل پرخون سے استقبال کرنے کو
وہ قطرہ نارسا طالع ہی جو پہنچا نہ مژگان تک

روا کرتا ہی کیا دل کو گنوا کر خال پر سودا
کہیں خط آگیا اسکے تو ظالم حرف ہے جان تک (ہے تک)

ردیف گاف

کرتی ہی مرے دل میں تری جلوہ گری رنگ | اس شیشہ میں ہر آن دکھاتی ہے پری رنگ
کس رنگ میں دیکھا نہ ترے رنگ کا جلوہ | سب رنگ میں ہے تو یہہ ترا سب سے بری رنگ
اے شیشہ گران دل کو ٹوٹا جو بنا دے | پیدا کرے پھر اور ہی کچھہ شیشہ گری رنگ
ہے خاک بسر آج خدا جانے چمن کا | دیکھہ آئی ہے کیا جانے نسیم سحری رنگ
کس گل میں یہہ جلوہ ہی کہ اب کنج قفس میں | دکھلاتی ہے میری مجھے بے بال و پری رنگ

کر جامۂ عریانی کو خاکستری سودا
ہو عزم سفر یہاں سے تو ہی یہہ سفری رنگ

پھونک دی ہے عشق کی تپ نے ہمارے تن میں آگ
دہکے ہی جون شعلۂ فانوس پیراہن میں آگ

رنگ گل کچھ بیطرح ٹپکے ہے اے ابر بہار
آشیان میرا چھڑک لگتی ہے اب گلشن مین آگ

لالۂ خودرو نہین ہے خون بنے فرہاد کے
جوش مین آکر لگا دی کوہ کے دامن مین آگ

برج مین ہے دھوم ہوری کی ولیکن تجھ بغیر
یہہ گلال اڑتا نہین بھڑکی ہے اب تن مین آگ

رنگ یاقوت نکا دسکے ہے جو انگارون کی طرح
حسرت لب سے تری ازبس لگی معدن مین آگ

گو بہار آئی کسے سودا بھلا لگتا ہے باغ
یون چمن مین گل نظر پڑتے ہین جون گلخن مین آگ

دل مسخر کر نہین سکتی ہے تیغ و تیر جنگ
ملک تو کچھ یہہ نہین جسکو کرے تسخیر جنگ

یہہ اگر مہر و محبت سے جو ہاتھ آوے تو آوے
اُسکے ہاتھ آنیکی اے پیارے نہین تدبیر جنگ

جنبش ابرو نے مارا اُسکے صبر و قرار
ہووے ہے فیصل کہ جب کھینچے ہے تا شمشیر جنگ

سامنے چہرے کے تیرے مہر و مہ کا ہے یہہ حال
رنگ ہو نازرد کا کرتی ہے جون بے تغیر جنگ

کب سپاہی کام پر آقا کے دیتے اپنا جی
بھوکھ سے کرتا ہے ہو کر زندگی سے سیر جنگ

یہہ نہین ممکن کہ وہ وحشی کسیکا ہووے رام
کرتے ہین آشیر عبث باہم جوان و پیر جنگ

ورنہ پڑا تحریر پر سودا کی قسمت کا لکھا
کر چکی اُسکی قلم با خامۂ تقدیر جنگ

ردیف لام

سخن عشق نہ گوش دل بیتاب میں ڈال
مت یہہ آتش کدہ اس قطرہ سیماب میں ڈال

ابہی جہپکی ہی پلک اے شور قیامت یہہ بلک
صبح کا وقت ہی ہرگز نہ خلل خواب میں ڈال

لڑکے مغلوب طمع دلکو نہ سن حرف درشت
یہہ بری جیت ہی نہ اس گوہر نایاب میں ڈال

تیغ سان رو سے تو کیونکر نہ کرے اب بیٹھے ہیں
ہم تبا ہستی کی اپنی رہ سیلاب میں ڈال

دسترس ہو سے تو کر مہر کا طرہ مقراض
ساقی کے سامنی دے تجہے شب مہتاب میں ڈال

کوی میخانہ سے رکہہ دل کو کنارے سودا
شیشہ ٹوٹا ہی نہ جا کر رہ احباب میں ڈال

یکدست اگر زمانہ جہان کے کتاے گل
سر کو ہمارے خاک نہ دیوی ہے جا گل

کہتے ہیں اسلئے کہ نہ وا آشناے گل
اے عندلیب دیکہی نہ آخر وفاے گل

دیکہے اگر صفاے بدن کو ترے صبا
کہولے کبہو نہ شرم سے بند قباے گل

ہے شرط دردیون کہ بجز حکم عندلیب
کوئی کسی مزار پہ ہرگز نہ لاے گل

ہستی ہی نیستی میں جو بہتر نہو مزا
ہنستا ہوا جہان سے ہرگز نہ جاے گل

سودا کہے بہار میں وضع زمانہ دیکہ
اے واے واے بلبل وے ہای ہاے گل

کہینچ شمشیر جلاد دل سے نکال
آج در پر ترے پڑا ہون نڈہال

پان کہا کہا کے آرسی نہ پیچ تو
اپنے ہونٹھون کو دیکہتا ہی لال

اسکے قامت کو صحن گلشن مین
ہو گئے سرو دیکہتے ہی نہال

لے مرے دل کو دیکے اپنا دل
سنگ کو مول یہہ بکے سے ہے لال

واہ واہ بے تماکو والے کے
در سے ہے تو دہا ہمین دکہا کر گال

سبجہ نخل امید سے سودا

جینا چاہے تو کہا یہ توڑ نہ دل

ہووے نہ ملک عشق سے کم رسم داغ دل
روشن رہے ہمیشہ الہی چراغ دل

مانند غنچہ تا کہ پریشان نہووے تو
کب اس جبین کی سیر مین یاد فراغ دل

اس جبین کی سیر مین آیا رہیوین پلکے تل
کیا بنائے صانع قدرت نے رنگین گل کے گل

ہیہ نہو دریا کہ جس سے گذرئے پل باندہ کر
موج چشم عاشقان سے توڑ لیتین پلکے پل

قتل کا کسکے کیا ہی آج ان انکہون نے عزم
کہینچ کر تیغین رہے ہین ابروین قاتلکے دل

عہد مین تجہ حسن کے جسکو ہوا ہے شغل عشق
ہیچ رہے ہین تس سی لے غربا تساغلا

حل مشکل کرے ہے ہو سودا کی تم ہو یا علی
کہول دو مشکلکشا عقدے مری مشکل کے حل

پوچہہ لیتے ہین ڈر دیدۂ نمناک کے مول
مژہ ترکو بتان لیوین خاشاک کے مول

دل پرخون کو نہ دہ غنچہ لیوے یہ نگہہ
جرعہ ہے ہو جو شیشہ مین تو دے تاک کے مول

زاہدا نقل گہر بار یہ واعظ کے نہ جا
ابلہی تجہے ہی بتیا درادراک کے مول

مرغ دل کے جو شکاری ہین اگر صید حرم
بکنے آوے تو خریدین نہ وہ فتراک کے مول

شوق کسکو ہی پتنگو کے لیا ایکا کر خلق
شیشہ ٹوٹا ہو تو لیوے ہی دل صدچاک کے مول

عکس ہر اپنے سی کہتا ہے لب آئینہ دیکہہ
ان نگینوں کا بتا کیا ہی لے حکاک کے مول

بے زری خلق کو ہی یہ کہ کسیکا کیسہ
کو ہمی کاٹے تو بکے گیہہ ڈالاک کے مول

جنس دل اپنی کے بکنے کو کہون کیا سودا
مفت بر لیگئے وو شیخ دسے آبہ خاک کے مول

ردیف میم

قاتل کے دل سے آہ نہ نکلی ہوس تمام / ورنہ ہم بھی تڑپ پھنسے نباہی کے بس تمام
صیاد سے ہوں آئے اثر نالہ منفعل / آتش دی اُس نے دام کو توڑے قفس تمام
اشک آنکھوں سے بہے تو یہ نالے سے دل / جب قافلہ پھٹکے تو ہو بانگ جرس تمام
آتش کو رنگ گل کی صبا نے بہو بہو / جلوائی آشیان کے مرے خار و خس تمام

سودا ہوئی ہے شانے کو زلفوں میں اُسکی راہ
اُس مست نارسا کو بھی کیا دسترس تمام

نہ غرض کفر سے رکھتے ہیں نہ اسلام سے کام / مدعا ہمکو تو ساقی ہے ترا اور جام سے کام
دل نالان کو مرے کیسکے ہے اثر سے کام / کوئی بے چین رہو اپنے اُسے آرام سے کام
کیوں نہ اُٹھ چلے ہر ایک جگہ سے مگر اکر / نہ پڑا اُسکو تری زلف سیہ فام سے کام
ہوں اسیر اُسکا جسے بعد گرفتاری صید / نہ گرفتار سے مطلب ہے نہ دام سے کام
گر اکیلا کہیں ملجائے ہمیں تو دل کا / لیجیے میں مانتا اُس شوخ گل اندام سے کام

جو میں آغاز ترے کام کا دیکھا سودا
وائے وہ دن کہ تجھے اُسکے ہو انجام سے کام

اے اسطرف تری دل گرمی سے جو معلوم / تپاک غیر سے جو ہو گئے ہم ہے وہ معلوم
بھری ہے دل میں ترے اسقدر محبت غیر / کہ جا نہیں مرے کینے کو مہر تو معلوم
نہ زر نہ زور نہ طالع نہ ترے دل میں رحم / جو چاہے تجھے یہ دل کامیاب ہو معلوم
شیشے سے کون گردن کسکے آگے جا فریاد / جو رو تجھی ہے جہان میں سو محکو رو معلوم
عبث ہے مہر کی نت اُٹھیہ ملامت دربے کو / ہے وصل دور ترا میری جست جو معلوم
طبیب اُٹھ مرے بالین سے دے اجلکو ملک / دوا مری یا وہ لب شربتی ہے سو معلوم

خطائی زلف کو تیری کہوں جو مشک ختن | سیاہ فام تو ہے وہ پر ایسی بو معلوم

سخن تو یار بھی سودا بُرا نہیں کہتے
وے جو چاہیں یہہ انداز گفتگو معلوم

کیا مچائی اُٹھنے میری دل کے کاشانے میں دھوم | شور کی جس کے لیئے کعبہ میں بتخانے میں دھوم

زلف کو کھولا تو کر اس دل کے شورش کا علاج | سخت دیوانے کی زنجیر کھلنے میں دھوم

مٹ گئے وہ شور دل کے آہ تب آئی بہار | ورنہ کیا کیا ہم بھی کرتے شہر و ویرانے میں دھوم

تجھ نگاہ گرم کی حسرت سے دل پانے ہی جوش | رات کو دیکھو ہوئی ہیں جب شمع و پروانے میں دھوم

اسقدر ہیں لاغری میری سے خوش ابنائے دہر | جوں ہلال عید ہے میرے نظر آنے میں دھوم

دلکو سن کو جی میں ترے اب بھلے ہی خیل [illegible] تنک | ہو گئی ہو جیسے دہان اطفال و دیوانے میں دھوم

کیسے اے سودا شراب اس بزم میں پیتے ہیں یار
تو نے اے کمظرف کی پہلے ہی پیمانے میں دھوم

خانہ سرو و چمن میں آخر اے صیاد ہم | اتنی فرصت دے کہ ہو لیں گل سے ٹک آزاد ہم

خندۂ گل بے نمک فریاد بلبل بے اثر | اس چمن سے آہ جا کر کیا کرینگے یاد ہم

ذبح تو کرنا ہی تک فرصت گلے لگنے کی دے | عید قرباں ہی تجھے دیں مبارکباد ہم

قیس جس دم سے گیا اپنے قدم کے فیض سے | خانۂ زنجیر رکھتے ہیں سدا آباد ہم

نہیں نکل سکتے اسیر ایسے تری کا سر و قد | طوق قمری کی طرح رکھتے ہیں مادر زاد ہم

اے جنوں مصرع ترا سودا کے ہی زنجیر پا نہ
بند سے تیرے نہیں اب ہو سکتے آزاد ہم

لے دیدۂ تر حد سے گزر گئے ہم | ڈر سے جو تھی خشک تر ہو گئے ہم

تجھ عشق سے [illegible] خوش نہ دیکھا | دیکھ ہوتے ہی [illegible] مر گئے ہم

یترا جو ستم ہی اسکی تو جان / اپنی بھی سو خوب کر گئے ہم

یہ قبلہ ترے تھا سو دل سے / سودا کے جو رات گھر گئے ہم

جون شمع لبون تک آ رہا جی / تن تھا سو گداز کر گئے ہم

اتنی بھی پتنگ پیش قدمی / گر شام نہین سحر گئے ہم

ہو گی نہ کسیکو یہ خبر بھی

اس بزم سے اٹھہ کدھر گئے ہم

ردیف نون

ملایم ہو گئین دل پر برہ کی ساعتین کڑیان / پہر نہ کٹنے لگے ان بن نہ کٹتین جن بنا گہڑیان

گتھی نکلین من بخت دلستی تار اشک کی لڑیان / یہ انکھین کیا بلا ہے گلے کی ہار ہو پڑیان

ہنوز آئینہ گرد اس غم سے منہ اپنے کو ملتا ہے / خدا جانے کہ کیا کیا صورتین اس خاک مین گڑیان

گرہ لاکھون ہین غنچونکی صبا الکو تیرے کہولے ہی / نہ سلجہین تجہسے اے آہ سحر اس دل کی گلجہڑیان

دوانا ان لعبتونکا ہون قسم ہے روح مجنونکی / مدار و چوب گل مجکو بغیر از بید کی چہڑیان

چہڑی تلوار یکدیگر گل و بلبل ہی گلشن مین / تمہاری سیج کہو دونو نہین کسی انکہڑیان لڑیان

کہلائی گور شانے سی تم اپنی زلف کی عقدے / نہ سمجہے یہ کسی دل مین ترا رون ہین گرہ پڑیان

تسلی اس دوانیکے تہو جہولی کی تہر دلسی

اگر سودا کو چہڑا ہے تو لڑکو مول لو پڑیان

نہ غنچے گل کے کہلتے ہین نہ نرگس کی کہلین کلیان / چمن مین لیکے خمیازہ کسی نے انکہڑیان ملیان

کہین مہتاب نے دیکہا اس خورشید تابانکو / پہرے ہی ڈہونڈتا سرتبہ جہان آبا دکی گلیان

تبسم یون نمایان ہے مسی آلودہ ہونٹہونسے / نہون ابر سیہ مین اسطرح بجلی کی اچہلیان

لب و لہجہ ترا ساہے کسی خوبان عالم مین / غلط ہے یہ زبانزد یہ کہ سب مصری کی ہین ڈلیان

دوانہ ہو گیا سودا تو آخر ریختہ پڑھ پڑھ کر
نہ مین کہتا تہا اے ظالم کہ یہ باتین ہین ہنسلیان

اتنا ستم نہ کیجے مری جان جان جان | یکسان نہین رہیگا ترا مان مان مان
گذرا ابہی تو چمن سے کہ جاتے ترانہ آج | کہینچے ہے غم سے مرغ گلستان تان تان
آئینہ تک تو دیکہہ کہ خالق نے خاک کو | کیا کیا بنائی صورت انسان سان سان

پوچہا کسی نے مارا تو سودا کو کس لئے
بولا مجہے وہ گہورتے تہا آن آن آن

بلبل چمن مین کسکی ہین یہ بد شرابیان | ٹوٹی پڑی ہین غنچون کی سارے گلابیان
تجہہ کو یہ تا نثار کرین مہر و ماہ کی | لبریز سیم و زر سے ہین دونو رکابیان
صیاد دیکہہ تو کتنے کبوتر کو دام مین | سکہلا دیان ہین دلکی مرے اضطرابیان
افیون مین کر بلا کے تو زاہد پئے شراب | مصری کی دین منگا کے تجہے ہم گلابیان

فرہاد و قیس دونون گئے سودا کا یہ ہے حال
کیا کیا کیان ہین عشق نے خانہ خرابیان

باتین کدہر گئین وہ تری بہولی بہولیان | دل لیکے بولتا ہے جواب یہ بولیان
ہر بات ہی لطیفہ و ہر یک سخن ہے رمز | ہر آن ہے کنایہ و ہر دم ٹہٹہولیان
حیرت نے اسکو بند نہ کرنے دی پہر کبہو | آنکہین جس آرسی نے تری منہہ پہ کہولیان
اندام گل پہ ہو نہ قبا اسکے سے چاک | جون خوش جیون کے تن پہ مسکتی ہین چولیان
ساقی پہنچ کہ تجہہ بن اس ابر بہار مین | پڑتے ہین تگرگ برستی ہین گولیان
لسطر یہ ہووے انکہونکی کاوش دلکو مین | مژگان نہ گڑ سکین تو نگاہین چبہولیان
کیا جانے تجہہ سے انگشت پر حنا | جس بیکہے کے خون مین جاہین ڈبولیان

جون برف ہوگئے ہین خنک آب تابان ہند | اُسکی تو بلکہ گرم ہین کابل کی تولیان

سوداکے دل سے صاف نہ تہی زلف یار
شانے نے بیچ پڑکے گرہ اُسکی کہولیان

تونے سوداکے تئین قتل کیا کہتے ہین | یہہ اگر سچ ہے تو ظالم اسے کیا کہتے ہین
جسے پوچہا کہ دل خستہ کہین دنیا مین | رو دیا اُسنے اور اتنا ہی کہا کہتے ہین
محتسب نے نہ کسی میخانے مین جا اے زاہد | ایک شیشے کو بہی ثابت نہ رکہا کہتے ہین
تو تو اس معنی سے کیا شاد ہوا ہوویگا | پوچہیے اہل دلون سے کہ وہ کیا کہتے

نہ اپنا سوز ہم تجہسے بیان جون شمع کرتے ہین | جو دل خالی کیا چاہین تو آہ سرد بہرتے ہین
جگر اُنکا ہی جو تجہکو صنم کچہہ یاد کرتے ہین | میان ہم تو مسلمان ہین خدا ہی کہتے ڈرتے ہین
کبہی بولین عقیق اور کبہہ نگین لعل ٹہراوین | یہہ ناشاعر ترے ہونٹون کو کیا کیا نام دہرتے ہین
گلی مین اُسکی مت جا بوالہوس آنا کہان نکلنا | قدم رکہنا نہین اُنکو وہان سے سر گذرتے ہین
نہ چارا کر سکے کچہہ ہیچ دریا کی روانی کا | کہین وارستگان زنجیر ہیکر کیسے ٹہرتے ہین
تمنا ہے کسکی غنچون نے دہن لا اے کبہو شبنم | گر انکا موتیون سے منہہ ترے قطرے جو بہرتے ہین
کسیکے مرگ پر اے دل نکیجے چشم تر ہرگز | بہت سا روئیے انکو جو اس جینے پہ مرتے ہین

طرح پیچون کی اپنی گہیرتے سب سوداکی نظرون مین
یہہ بانکے خوبرو جتنے ہین پگڑی پر سنورتے ہین

کس کس طرح سے دیکہین اب اُنکی ادائین | کیدہر گئے وہ ساقی وہ ابر وہ ہوائین
حسرت سے آئینے کا دل کیونکے ہو نہ پانی | شانہ حضور اُسکے زلفون کی لے بلائین

عاشق فنا مین اپنی بہبود جانتے ہین
جی کا زیان جو ہووے تو سود جانتے ہین

غنچے کہلے ہین کیونکر تجھسے صبا چمن مین
واشد کی رسم ہم تو مفقود جانتے ہین

پروانے تک تو پہنچا مکتوب شمع لیکن
ہم راہ نامہ بر کی مسدود جانتے ہین

کچھہ اس سوا ترقی اپنے مین ہم نہ سمجھے
اک دن بدن غم دل افزود جانتے ہین

مجمر کا دخل کیا ہے محفل مین نقشگان کی
بو داغ دلکی اپنی ہم عود جانتے ہین

اپنا چراغ دلکا جبدم سے بجھہ گیا ہے
ہم گہر کو آسمانکے تیرہ و دود جانتے ہین

آئینہ سازی انکو ہے کفر اے سکندر
جو مرد شکل ہستی نابود جانتے ہین

جس خشت کو اٹہا کر دیکھین وہ چشم دل سے
صورت کو اپنی اسمین موجود جانتے ہین

کیا شکر کیا شکایت اپنی ہی شکل سے ہے
دونونسے آپ ہی کو مقصود جانتے ہین

کافر اقدم جنہونے کوئی قناعت اندر
کب مخملو منن جا کر وہ کود جانتے ہین

سودا یہہ کہا مین مجھسے درد دلکے حق مین
کرلی دعا دوا سے ہم سود جانتے ہین

یہہ بات سنکے مجھسے بولا وہ آہ بھر کر
تدبیر ہم بہی یہہ ہی محمود جانتے ہین

لیکن یہہ وہ دعا ہے جسکو اثر کے در کا
گویندگان آمین مردود جانتے ہین

سمجھہ کے باندھا تھا آشیان ہم رہیگا یا آب و تاب گلشن
یہی کہ غنچے نے آنکھہ کھولی خیال گل تھا سو خواب گلشن

نگاہ بھر بھر کے تو جو دیکھے ہی لاسکیگا یہہ تاب گلشن
مجھے ہی ڈر تھا کہ یہہ سجادے چمن سے ہوکر سراب گلشن

طرف ہو نقشے سے تیری منہہ کے بہی تو پایا نہ باغ نے پہل
بہار رسوا خفیف نرگس ذلیل سنبل خراب گلشن

بہار آئی تو اوس سے خوشی ہنین ہے تجھ اپنی دلکو
فسردہ خاطر جو ہووے اُسکو ہی فصل گل مین عذاب گلشن

نہ میل دانے پہ بلبلونکو نہ خوش کرین ہین نہال پانی
پہنچ کہ دیتا ہی عمر اپنی کو آج تجھ بن حباب گلشن

کرے ہی ترغیب مجکو سودا عبث تو گلگشت کی ہمیشہ
جہان تجسے ہی سرزد اونکی سیر کرنیکا باب گلشن

ابھی جو صحن چمن مین جاکر کو اوڑھا تیکے کہول دیجے نہ
جگر کے داغون سے عاشقونکے لگے ہی دینے حساب گلشن

باتین کتنی ہین ہنت منہہ لگے ہنسی منظور ہمین
سو میسر نہوا تا بلب گور ہمین

قدرت اور ونکو ہی سرگرم سخن ہونیکی
ہنین بہرنے کا دم سر دسے مقدور ہمین

کام ہی چشم کا نظارہ نہ بہنا شب وروز
آنکھہ خالق نے رقیبون کو دی ناسور ہمین

ساقیا بزم ہنین آج خلل سے خالی
جام کچھ اور ون سے دیتا ہی تو معمور ہمین

بوسہ ہنس کر ندیا اُنکے سوائی دشنام
سو بھی یہہ جب نہ ملا کوئی تو مجبور ہمین

کوئی سمجھے ہی ترے گہر مین ہم آئے کیون
ہو کے مانع تو نکر خلق مین مشہور ہمین

رات حاضر ہوئی سودا کے جو ہم بالین پر
شعر پڑہتا نظر آیا یہہ وہ رنجور ہمین

پہنچے ہم آرزوے وصل مین نزدیک مرگ
سو جیسے مشکل ملاقات ابھی دور ہمین

ڈرتے ڈرتے جو ترے کوچے مین آجاتا ہون
صید خائف کی طرح رو تپفا جاتا ہون

کیون مجھے گھر سے نکالے ہی کہ مین تجکو دکھہ
آپ سے آپ مری جان چلا جاتا ہون

نہ تلطف نہ محبت نہ مروت نہ وفا
سادگی دیکھہ کہ اسیر بہی ملا جاتا ہون

نالواں مرغ ہوں میں اے رفقائے پرواز
اتنا آگے نہ بڑھو تم کہ رہا جاتا ہوں

طائر رنگ حنا کی نمط اب اے صیاد
ہوں تو میں ہاتھ میں ترے پہ اڑا جاتا ہوں

کوئی تعمیر کے درپے نہیں میری ہیہات
شکل دیوار خرابی کی گرا جاتا ہوں

فکر موزوں نہیں کرنیکو گرفتار مرے
ہوں میں مضمون تری بات تو میں بندھا جاتا ہوں

سوچتا ہوں اپنے تئیں جوں سخن رفتہ زیاد
گاہ بیگاہ اگر آپ میں آجاتا ہوں

گرم جوشی نکرو مجھسے کہ مانند چنار
اپنے ہی آگ میں میں آپ جلا جاتا ہوں

ہوں میں وہ وحشی رم خوردہ کہ تا دشت عدم
بات کہنے کی ہی تو مانند صبا جاتا ہوں

صفحۂ ہستی پہ اک حرف غلط ہوں سودا
جب مجھے دیکھنے بیٹھو تو اٹھا جاتا ہوں

واشد ہو خرمی سے یہ کیا حساب تجھ بن
ہے زندگی سے اپنی دل کو حجاب تجھ بن

اس برگ خشک آسا جو نخل سے جدا ہو
پھرتا ہوں نالے کرتا ہر سو خراب تجھ بن

جلدی سی تیغ کر مجکو ڈرتا ہوں بے نجاوے
ہوں جس جگہ میں وہاں سے انکھوں کو تاب تجھ بن

بے اختیار منہ سے نکلے ہے نام تیرا
کرتا ہوں جس کسو سے یارے خطاب تجھ بن

مل جا جو چاہتا ہے سودا کی زندگانی
کچھ بطرح سے اسکو ہی اضطراب تجھ بن

گلشن میں یار بن تجھے شرب مدام میں
مانند لالہ خون ہے دل لبریز جام میں

کاٹے ہے قضا بغل میں جو تم ہو کہ مرغ کو
لا دے ہی شاخ سے پر پرواز دام میں

آزادگان کے ننگ ہیں وہ سیاہ بخت
نقش نگین کی طرح سے ہیں قید نام میں

ان خوش قدوں کی چال کا انداز کیا ہوں
ٹھوکر لگے ہے دل کے تئیں جس خرام میں

سودا اسی ہم سخن ہے جس انداز سے وہ شوخ

آتی ہی بو لہو کی مجہے آتش کدے مین

غم کی مے ہمنے جو شب دیکہی بہری شیشہ مین
شور قلقل سے اب آہ سحری شیشہ مین

راز دل فاش کیا مے نے مرا ساقی پر
کچہ نہ دیکہا مین پردہ دری شیشہ مین

مست پرواز ہوا ہی نالہ مرے دیکہیے ہی
طایر رنگ کو بے بال و پری شیشہ مین

بادہ جس روز کہ ساقی ازل بانٹے تہا
نظر ایدہر جو پڑی آگ بہری شیشہ مین

یار کا دل مین ہمارے ہی خیال رفتار
ہم سمجہتے ہین اوسے کبک دری شیشہ مین

ظرف صحبت ہے کہ ساقی تو یہہ کہہ کر دے جام
بے خبر شیشہ گرا کہ آتش ہی تری شیشہ مین

تشنگی اپنی یہہ جا ہی کہ اسے بہر دے
ترے خم ہی مین قطرہ نہ دری شیشہ مین

دل مین جس رنگ سے سودا گذرتی ہی لہر
موج مے کر تسکے جلوہ گری شیشہ مین

ناوک نے ترے صید نہ چھوڑا زمانے مین
تڑپے ہی مرغ قبلہ نما آشیانے مین

کیونکر نہ چاک گریبان دل کرون
دیکہون ہون تیری زلف کو مین شانے مین

زینت دلیل مفلسی ہے تنگ کمان کو دیکہہ
نقش و نگار جہت نہین کچہ اسکے خانے مین

اے مرغ دل سمجہہ کے تو چشم طمع کو کہول
ورنہ سماے دام جسے ہی وہ دانے مین

چلے مین کہنچ کہنچ کیا قد کو جون کمان
تیر مراد پر نہ بہایا نشانے مین

پایا ہر ایک بات مین اپنی مین یون سبہجے
معنی کو جس طرح سخن عاشقانے مین

دست گرہ گشت کو نہ تزئین کرے فلک
مہندی بندی نہ دیکہی مین انگشت شانے مین

ہم سا تجہے ہی ایک ہمین تجہسے ہین کئی
جا دیکہہ لے تو آپ کو آئینہ خانے مین

سودا خدا کے واسطے کر قصہ مختصر
اپنی تو نیند اڑ گئی تیرے فسانے مین

عاشق کی سی کہے چشم تر دیکھی بن تر ہو نہین
ہین زخمہ کشتی ہو روزون اور رہون مین

پیارے نہ برا مانے تو اک بات کہون مین
کس لطف کی اُمید پہ یہ جور سہون مین

جیب کر جو کہین تجکو تنگ دیکھ رہون نہین
ہر ایک مجھے آکے سناتا ہی کہون مین

یہ تو نہین کہتا ہون کہ سچ مچ کرو الطاف
جہوٹی بہی تسلی ہو تو جیتا ہی رہون مین

سمجہا نہین خط آنے پہ کوئی ستم یار
سودا اگر اب ایک کہون یا نہ سہون لیکن

چشم ترسے مری کیا رکہتی ہی مطلب آستین
الغرض ایسے جدا ہوتی نہین اب آستین

لخت دل کس دن نہین گرتے ترے دامن کے بیچ
تر نہین ہوتی لہو مین کونسی شب آستین

ہے مجہی اے ابر دریا بار اتنا تو یقین
تجہسے نکلین گے نہی چہار رو نگا نہین اب آستین

تجکو بہی سودا اگر ہے اپنی بیقراری کی شرم
برق ہنستی ہے تجہے رکہہ منہہ پہ جب تب آستین

سوتے ہین ترے گہر کی طرف رو نگرون مین
نا دوستے ترے ملنے کو یکسو نگرون مین

دل دون اسے تجہسے بہی وفا مین جو زبون ہو
خواہش تری لوگو کہ ہو نیکو نگرون مین

دیکہون نہ ترا منہہ کہو اب گل کے مین ہوتے
سنبل کے سوا زلف تری بو نگرون مین

نظارہ کرون نرگس شہلا کو شب و روز
پر دید تری نرگس جادو نگرون مین

سایہ ہو ترا سرو کا جس جا کہ چمن مین
وہان یاد ترا قامت دلجو نگرون مین

عادی ہے ترے کوچے مین جو ہون تر رہ دوئی
کیون اسکے عوض سیر چمن خو نگرون مین

جس جا کہ ہلال مہ عید آ نظر آئے
نا حق بدل اپنے تری ابرو نگرون مین

کٹ تہتے ہوتے لب دیکہون مین تا کس سر شمع
کاکل پہ نگہہ تیری سر مو نگرون مین

میزان خرد مین جو کرون حسن بتان وزن
تجہہ حسن کو باسنگ ترازو نگرون مین

بجھہ وحشی نگہہ سے جو مین اب اپنا لگا دون
دل بستگی کیون اپنی بہ اہو نکرون مین

اب تجھسے ملون جب کہ کیا کر جو قسم تو
آزردہ کسی طرح سے تجکو نکرون مین

سے دوسرے کا شکوہ جو ہر دم تجھے پیدا
ہرگز جگہہ اسکی ترے پہلو نکرون مین

غیر کے پاس بہت اپنا ہی گمان ہے کہ نہین
جلوہ گر یار مرا ورنہ کہان ہے کہ نہین

مہر ہر ذرے مین مجکو ہی نظر آتا ہے
تم ہی ٹک دیکھو تو صاحب نظران ہے کہ نہین

پاس ناموس مجھے عشق کا ہے اے بلبل
ورنہ یہان کون انداز فغان ہے کہ نہین

دل کے ٹکڑون کو بغل بیچ لئے پھرتا ہون
کچھہ علاج انکا بھی اے شیشہ گران ہے کہ نہین

آگے شمشیر تمہاری کے بھلا یہہ گردن
مو سے باریک تر اے خوش کمران ہے کہ نہین

جرم ہے اسکی جفا کا کہ وفا کی تقصیر
کوئی تو بولو میان منہہ مین زبان ہے کہ نہین

پوچھا یکروز مین سودا سے کہ اے آوارہ
ترے رہنے کا معین بھی مکان ہے کہ نہین

ٹک بیک ہو کے بر آشفتہ لگا یہہ کہنے
کچھہ تجھے عقل سے بہرہ بھی میان ہے کہ نہین

دیکھا مین قصر فریدون کے در اوپر اک شخص
حلقہ زن ہو کے پکارا کوئی یہان ہے کہ نہین

ظاہر مین دیکھنے کا کچھہ اسباب ہی نہین
آوے اگر تو خواب مین سو خواب ہی نہین

سجدہ کرون کیونکے تری تیغ کے تلے
ایسی نماز عشق کو محراب ہی نہین

جی تک تو دیکھے ہون کہ جو ہو کارگر کہین
اے آہ کیا کرون نہین پکتا اثر کہین

ہوتی نہین ہے صبح نہ آتی ہے مجکو نیند
جسکو پکارتا ہون سو کہتا ہے مر کہین

ساقی ہے اک تبسم گل فرصت بہار
ظالم بھرے ہے جام تو جلدی سے بھر کہین

پھرنے لگے تو جون کف دریا بہا بہانہ
دامن اگر نچوڑ سے ای ابر تر کہین

جادو بھری ہین چشم تو مست آئینے تو دیکھ
دھڑکے ہی دل اک نہ پلٹے نظر کہین

دل آہ شعلہ یار کے ہر دم پھرے ہی گرد
پروانہ آسکے ہی مری شمع پر کہین

خوناب یون کبھو نہ مری چشم سے تھما
آنکھا نہ جبتک آن کے لخت جگر کہین

منھ تو بھی مجھے لگا دے تو کب جام کیطرح
اتنا بھی واہ وا رے میسر ہو گر کہین

صحبت مین تیری آسکے جون شیشۂ شراب
خالی کرون مین دل کے تئین تھہ کر کہین

(ق) اے دل تو مجھسے کہہ تو کہ مین کیا کرون نثار
آوے کبھو جو حضرت سودا ادھر کہین

انگشتری سی گھر کیطرح غیر سنگ و خشت
گھر مین تو خاک بھی نہین آتی نظر کہین

نے بلبل چمن نہ گل نو دمیدہ ہون
مین موسم بہار مین شاخ بریدہ ہون

گریان نہ شکل شیشہ و خندان نہ طرز جام
اس میکدے کے بیچ عبث آفریدہ ہون

تو آپ سی زبان زد عالم ہے ورنہ مین
اک حرف آرزو سو بلب نارسیدہ ہون

کوئی جو پوچھتا ہو یہ کس پر ہے دادخواہ
جون گل ہزار جا سے گریبان دریدہ ہون

تیغ نگاہ چشم کا تیری نہین حریف
ظالم مین قطرۂ مژہ خون چکیدہ ہون

کس سے کرون مین دعوی دل جا کے اے خدا
دل دادۂ زکف رخ دلبر ندیدہ ہون

کرتا ہی جا کے گل کی تسلی چمن مین تو
خون جگر مین بھی تو دامن کشیدہ ہون

غافل ہے کیون تو مری صحبت سی عندلیب
ای بیخبر مین نالۂ حلق بریدہ ہون

مین کیا کہون کہ کون ہون سودا بقول درد
جو کچھ کہ ہون سو ہون غرض آفت رسیدہ ہون

کیون مین تسکین دل اے یار کرون یا نکرون
نالہ جا کر پس دیوار کرون یا نکرون

سخن سے اکتبات مری نوک زبان تک ہی ہے
پھر سخن تجھسے ستمگار کرون یا نکرون

ناصحا اٹھ مری بالین سے کہ دم گنتا ہے
نالے دل کھول کے دو چار کرون یا نکرون

خواب شیرین مین وہ اور دل مرا مائل ہے اشوق
جی دھڑکتا ہے کہ بیدار کرون یا نکرون

سخت مشکل ہے کہ ہر بات کنایہ سمجھو
بے زبان میری بھی گفتار کرون یا نکرون

موسم گل ہے مین صیاد سی جا کر پارو
ذکر مرغان گرفتار کرون یا نکرون

حال باطن کا نمایان ہے مرے ظاہر سے
مین زبان اپنی سے اظہار کرون یا نکرون

عہد تھا تجھسے تو پھر عمر وفا کرنیکا
اِن سلوکون پہ جفا کار کرون یا نکرون

کوچۂ یار مین رشک چمن اے سودا
جاکے با دیدہ خونبار کرون یا نکرون

اے تو چھپا کئے جو یہ قلقل ہے شیشہ مین
مے گل رنگ بھی ساقی عجب بلبل ہی شیشہ مین

جو کچھ دیکھا تو چاہے دیکھ لے دو قطرہ می پی کر
[illegible] جام جم احوال جزو کل ہے شیشہ مین

نسبت کر سکی زلفون سے صبا سوئی چمن گذری
گلاب اگر تو ٹک سونگھو بوے سنبل ہے شیشہ مین

کبھی یارون کو خوبان ہوگے کیفی کھول دیتی ہن
نظر کر ٹک پری یا نی صد کاکل ہی شیشہ مین

دو عالم کا تماشا جسکے یک جرعے نے دکھایا
وہ نور چشم بینا کور آگے پل سے شیشہ مین

اذانکا شور بھی کیا کم تھا ہوے مستانے

جو غنچہ طاق مسجد میں ہے وہ بھی غل سے شیشہ میں

بغیر مے جہان کے باغ میں کیا سیر سے حاصل
یقین تو جان سودا حسن یار اک گل ہے شیشہ میں

خانۂ دل کہ ہو خون ہونیکا آئین جس میں / ہے وہ اک بیت کہ ہو معنی رنگین جس میں
ہے وہ بھی گردن عشاق کہ جز تیغ جفا / ہو حمائل نہ کبھو دست نگارین جس میں
وہ خط اوس رو کی کتابی پہ بہم پہنچا ہے / سیکڑوں نقش ستم کے ہیں مقابین جس میں
صاف طینت ہے نہ خوبونکی ہو خاطر میں غبار / زشت رو کا ہی دل آئینے سے ہو کینہ جس میں
ہجر اور وصل سے کچھ کام نہیں ہے ہمکو / بات وہ کیجے کہ تسکین دلکو ہو جس میں
عمر وہ روزہ بھی ختنہ ہے محرم کا سا / کہ دل اپنے کو سدا یاد ہو ہو نہ جس میں

لطف کیا رکھتی ہے اس باغ کی سیر اے سودا
شاخ پر دیکھنے دے گل کو نہ گلچین جس میں

گدا دست اہل کرم دیکھتے ہیں / ہم اپنا ہی دم اور قدم دیکھتے ہیں
نہ دیکھا جو کچھ جام میں جم نے اپنے / سو اک قطرۂ مے میں ہم دیکھتے ہیں
یہ رنجش میں ہمکو ہے بے اختیاری / تجھے تیری کھا کر قسم دیکھتے ہیں
غرض کفر سے کچھ نہ دین سے ہے مطلب / تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں
حباب لب جو ہیں اے باغبان ہم / چمن کو ترے کوئی دم دیکھتے ہیں
نوشتے کو میرے مٹاتے ہیں رو رو / ملائک جو لوح و قلم دیکھتے ہیں
خدا دشمنوں کو نہ وہ کچھ دکھا دے / جو کچھ دوست اپنے سے ہم دیکھتے ہیں
مٹا جیسے ہے حرف حرف آلسودہ نیسے / جو نامہ اسے کر رقم دیکھتے ہیں
اگر سے نہیں کام سنبل کی ہمکو / کسی زلف کا پیچ و خم دیکھتے ہیں

ستم سے کیا تو نے ہمکو یہہ خوگر | کرم سے ترے ہم ستم دیکھتے ہیں

مگر تجھ سے رنجیدہ خاطر ہے سودا
اُسے تیرے کوچے میں کم دیکھتے ہیں

لخت جگر آنکھوں سے سر آن نکلتے ہیں | یہہ دل سے محبت کے ارمان نکلتے ہیں
تجھ تیر نگہہ کا جن کشتوں کا جہاں مدفن | سبزے کی جگہہ واں سے پیکان نکلتے ہیں
رخ خاک گریبان کا ہے عشق کے خون سے | کیا گھر سے ترے عاشق با شان نکلتے ہیں
یہہ خوبرو اے یار کیا بطن سے مادر کے | سے قتل کا عاشق کے فرمان نکلتے ہیں

مجھ دل سے تری الفت مشکل ہی جاویگی
جسموں سے میاں کچھہ آسان نکلتے ہیں

خوبوں میں دلبری کی روش کم بہت ہے یہاں | خواہاں جان جا سو تو عالم بہت ہے یہاں
غافل نرہ تو اہل تواضع کے حال سے | تیغ و کمان کی طرح خم و چم بہت ہے یہاں
چشم ہوس اُٹھانے تماشے سے جوں حباب | نادیدنی کا دیدہ اکرم بہت ہی یہاں
خون جگر یہ آدم دلوزنہ سے لگا د | صورت معاش خلق کی مرہم بہت ہے یہاں
آنکھوں میں دوں اشک ابر دکو جگہہ وہی | تنگا کرے ہی لیک یہہ گھر نم بہت ہی یہاں
دیکھا جو باغ دہر تو مانند صبح گل | کم فرصتی طلب کی یا ہم بہت ہی یہاں

سودا کہہ اُس سے دل کی تسلی کے واسطے
گوشے سے چشم کے نگہہ کم بہت ہے یہاں

شکل گل ہنسنے تمام اپنا کیا تن دامن | یاد کر تجھ کو بھرا خون سے گلشن دامن
دل کسیکا نہ کسی سے لیتے یارب کہ بہر | سیتے دیکھا نہ محبت کا بسوزن دامن
بوے گل باد صبا کو بخشے کسکی یارب | دور میں ہی دونوں ہم باندہ کے دامن دامن

کہینچنا دیر سے سجدے سے بھی تکرار نہ مجھے
چھوڑے کب بت کی پرستش کا برہمن دامن

پہنچے ناصح کا ہمارے نہ گریبان تک ہاتھ
عشق کا چھوڑ دے جو یہہ دل دشمن دامن

کہا زاہد نے مجھے دختر رز گہر مین نہ رکھہ
پاک زنہار نہین رکھتی ہے یہہ زن دامن

چھوڑ دنیا کو کہ اس مادر بے مہر کا اب
پہر لگا کب نہین تہا نہ ہے سوئی کو دن دامن

عشق فولاد مرا حسن ترا مقناطیس
چھوڑیگا اُسکی کشش کا نہ یہہ آہن دامن

داغ دل پر ہے مرے دم کی یہہ صورت سودا
جیسے چھٹکے ہے کوئی بر در گلخن دامن

ترے پہلو سے جو مجلس مین اٹھ جاتے ہین
شمع رو نظروں مین جون شمع گھٹتے جاتے ہین

جنکے دامن تھے ہماری سو ترے کوچے سے
انکے خرقون کے گریبان پھٹتے جاتے ہین

کہینچ کر تیغ نگہ چرخ پرا ہی نہ مجھے
رات دن زلف کے کیا جلد سلجھتے جاتے ہین

زخم دل قابل مرہم نہ رہا جب کیون یار
رشتے سینے کو تب الفت کے ٹٹتے جاتے ہین

گوشتوارون کی کہان تاب ہے ان کانونکو
گوش گل حب و شبنم سے پہٹتے جاتے ہین

خار رستے نظر آتے ہین گلزار جہان
گل جنہین کہئے سو وہ گل تو چھٹتے جاتے ہین

ابر مژگان کو ترے دیکھ کے ترا سے سودا
سیل بر اک نالے یہہ صحرا مین بہتے جاتے ہین

ردیف واو

چیز کیا ہون جو کرین قتل وہ انکھیان مجکو
پھر گئے دیکھ کے منہ خنجر مژگان مجکو

سیر کرنا ہی خیال اُسکی نگہ کا جیدہر
نظر آتے ہین اُدہر گنج شہیدان مجکو

گل گلزار نہ رحم ہون کسیکے سر پر
جا خوش آتی نہین جز گوشۂ زندان مجکو

ہاتھ کسکا ہے تری زلف کا شانہ سینچ
رات آتے ہین نظر خواب پریشان مجکو

ای نسیم سحری پھر دیکھ ہین دور — لے ہدایت نظر آیا یہہ گلستان مجھکو
ایک گل تک مرے مانع ہنوا جلنے سے — خار نے بہی تر کیا کھینچ کے دامان مجھکو
ایک عالم کو زمانے نے دیا کیا کیا کچھ — پر کبھو مین نہ کہا اُسسے کہ دوران مجھکو
کسکے ملت مین گنون آپ مبتلا ای شیخ — تو مجھے گبر کہے گبر مسلمان مجھکو
مجھہ مین اور تجھ مین ہے ربط سپند و آتش — اُسکی جوشش نے کیا اُسسے گریزان مجھکو

اور بہی ریختہ دنیا مین ترا لے سودا
جسنے دیوے جو کبھو کاوش دوران مجھکو

ظلم کے تیرے مین گواہ خانہ بخانہ کو بکو — اسکے پھرون ہون دادخواہ خانہ بخانہ
تجکو فقط چراغ شام ڈھونڈتے ہین پھر — پہرتی ہے باد صبح گاہ خانہ بخانہ کو بکو

دل سے اٹہا کے دست صبر منہہ سے ملونگا اسکا خو
پوچہونگا اسکا جا گناہ خانہ بخانہ کو بکو

گر ہے تنک منفعل کوئی مرے نے مرے دل کو — دکہا دے خاک پروانہ یہ گریان شمع محفل کو
ابہی ہے تکمت نعم البدل سے تجکو ہیبر کیا — مجھے اسکا عوض تو کچھ نہ دے پر پہیر دے دلکو

سکہیے نہ اسیری مین اگر ضبط نفس کو — دے آگ ابہی شعلہ آواز قفس کو
بہہ جائے لہو ہوکے دل قافلہ سالار — تعلیم دے نالہ جو مرا بانگ جرس کو
پہنچا ہی نہ داغ جگر تا سر مژگان — تا داب مین رکھتا ہون سدا اگ سے خس کو
پھرتا ہی ادھر زلف مین شانہ تو ادہر دل — یہہ دزد ملایا کبھو خاطر مین عسس کو
ای عشق نہ فرہاد بچا تجھسے نہ پرویز — یا خاک برابر کیا تو ناکس و کس کو
لے سکتے نہین سانس تری کوچے مین — تا خون جگر بیچ مین ہووین نفس کو

ترغیب نکر سیر چمن کی ہمین سودا ہے سیکھ نہین
رغبت دلانا ۱۲
ہر چند ہوا خوب ہی وہان لیک ہوس کو

دیکھے دل تا پتہ سر نہ دھر کر رو
زندگانی کی مت حلاوت کہو

رشتہ محکم نہین محبت کا
دل سے گوہر کو تو نہ اُسمین پرو

گل کو مین جب سے بو کیا بچمن
گل سکے ہی اور ہی دماغ مین بو

جون کہا مین ہون عاشقو مین سے کر
بولا وہ مسکرا کے یہہ نہ کہو

تار ہو نے سنے گوشواری کے
دیکھہ اُسکی صفائی عارض کو

خجل ایسا ہوا کہ اپنے تئین
قطرۂ آب مین دیا ہے ڈبو

سچ ہی یارو اثر ہو صحبت کا
ایک جا گہہ جو مل کے بیٹھین دو

گل جو اُس بیوفا تلک پہنچا
گل نے پیدا کی ویسی ہی خوبو

اب تو دل دے چکا اُسے سودا
آگے قسمت سے ہونی ہو سو ہو

خط اُسکا سادہ لوحون کے پرستارون سی مت پوچھو
عزیزو کفر مجہہ کافر کا دینداروں سے مت پوچھو

نہ استفسار کیجے ہم سے اُس لب کی حلاوت کو
شکر کا ذائقہ خون جگر خوارون سے مت پوچھو

ہمین گر نالۂ کُنج قفس کہئے تو آتا ہے
چمن کے زمزمین کرنا گرفتارون سے مت پوچھو

طلبگار نشان ہمسے ہو اُس خوش قد کے کوچے کے
بہشت و سایۂ طوبے گنہگارون سے مت پوچھو

فراموش ان دنوں ہم شہر یوں دل سے سودا ہی
خبر اُسکی جہان آباد کے یاروں سے مت پوچھو

شیخ نے اُس بت کو جب سجدے میں دیکھا تو کہا
لے چراغ اب تو ڈھونڈتی ہے وہاں نا سحر اسلام کو

سو لے مجھکو تو دو دن یوں اٹھے ہیں سنتھار
چاہے پھر نہیں تو لے کوئی نہ کھونے دام کو

کوہ کن ہے بیجہ جگر کن کے گھر انکا دہ تنگ
قوم میں لب پر نہ لاوے کوئی جسکا نام کو

جھوٹ گر سمجھے نہ تیا وے کسی سے پھر دل
مرغ وہ پھنستا نہیں جو توڑ بھاگے دام کو

جنس دل کتنی ہے ناکارہ ببازار شباب
ایک پوچھے یوں تو بولے وہ بسر انکام کو

کیا کروں پاکیزگی کا سمجھے اُسکے بیان
بھیجوں ہوں خونناب دل سے دھو کے پیغام کو

یہ شفق مت سمجھیو یارو خدا جانے فلک
پونچھے ہی دامن سے کسکے تیغ خون آشام کو

پھر کہیں دل دینے کی ہمنے تو کہائی قسم
دل جو دیتا ہے کوئی تو جان کے آرام کو

کرکے توبہ ناصحا سودا مصلّے کل ہوا
آج پھر لے مصلّا رکھہ گرو دو جام کو

آلودہ قطرات عرق دیکھہ جبین کو
اختر پڑے جہانکے ہیں فلک پر زمین کو

اک صید مرے دلکا ہی بس باندہ بفتراک
ہر صید کے ست خون سے بھر دامن زین کو

آتا ہی تو آشوخ کہ میں روک رہا ہوں
مانند حباب اپنے دم باز پسین کو

دیتی ہی نہیں چین مری اپنے گمان کی
ساتھہ اُسکے میں جاتا ہوں کوئی جا ہے کہیں کو

ہرگز بجہان روسیہی اُسکو نہوتی
لگتا نہ مرے نام سے گر عیب نگین کو

جون دانہ تسبیح ہو ر د ابر کرم حق
زاہد در میخانہ کے ہر خاک نشین کو

اک گل کا چمن میں سنو اگر شور نہیں ہے
دے مرغ گرہ سینے میں فریاد حزین کو

راہب ہے پھر بتکدہ مطعون کے باعث
تلقین نکر اے شیخ تو آتے مجھے دین کو

مطلب کی مرے عرض تو یکبار بھی سودا
ہان نیے نہ جرأت کبھو اس لب سی نہین کو

بادشاہت دو جہانکی بھی جو ہووے مجکو | ترے کوچیکی گدائی سی نہ کھووے مجکو
آنکھہ پھر اسکو ہے نظارۂ خوبان کی بلا | کہین یہ دیدہ تر ڈرون ہون نہ ڈبووے مجکو
کی مین جب عرض تمنا تو یہ بولا ظالم | پھر سے کہے مجھسے جو یہ بات تو رووے مجکو
خرمن برق زدہ کا ہون وہ دانہ کہ مجھے | نکو نئی مرغ چگیگا نہ کوئی بووے مجکو
خشک رکھتے ہی کبھو چشم جو تجھہ بن دامن | آستین چاہیئے ہے خون سے بھگووے مجکو
ق تجھہ کہین گو کہ مخالف مرے حق مین سودا | وہ نہ سمجھے وہ مجھے کہتے ہین جو دیوے مجکو

ہون گریبان دل یار مین الفت کا گل
داغ نہین دامن عصمت پہ جو دہووے مجکو

بس ہو تو رکھون آنکھون مین اس آفت جانکو | اور دیکھنے دون مین نہ زمین زبان کو
جب عزم کرون گھرسے کوئی دوست کا یارو | دشمن ہے مرا وہ جو کہے یہ کہ کہان کو
موجب مری رنجش کا جو پوچھے ہے تو یہ جان | مونہ لگا نہ پھر کھول سکے جون غنچہ دہانکو
ابروسے نتر سے نگہہ یار نے یارو | بے رتبہ کیا تیغ کو خنجر کو سنان کو
اسرار خرابات سی واقف ہو جو زاہد | کعبے سے نہ کم سمجھے در پیر مغان کو
یہ رسم نہین تازہ کچھ اے شیخ جہان مین | جا گہہ حرم دل مین جو بین دیتے بتانکو
ناصح یہ مجھے راست کہے تھا کہ بجز داغ | کیا لیویگا دل دیکے تو ان لالہ رخانکو

دل لگکے دم تیغ کا پیاسا ہے کہ سودا
بسمل کی طرح تڑپے ہے دیکھہ ابرو انکو

خواہی کہ صد سالہ ہو تو خواہ یہین ہو | نزدیک مرے دل سے تو مری جان کہین ہو

دم مارنا بہشا ہی اُسے عشق مین ترے — جس جا دم اول نفس بازپسین ہو
تن چھوڑ کے گذرون تری کوچہ سے کہ غیرت — یہہ چاہیے نہ وہان نقش قدم خاک نشین ہو
ظالم نہ قتل عشاق پہ انداز تبسم — تا زخم شہیدون کے جگر کا نمکین ہو
نا صاف ہے یہہ وضع سی اپنی دل عالم — آئینے کو منہہ سے تجھے تو وہ جبین بجبین ہو
مت دیر و حرم کے تو سمجھ سجدہ جبین پر نا — پتھر ہی کا جب پوجنا آیا تو کہین ہو

سودا کے خیالات مین جھکے ہے خدائی
جو اپنے تخیل مین یہہ چاہے سو وہین ہو

اس دل کو دیکے لون دو جہان یہہ کبھو نہو — سودا نہو وے تب نہ کہ جب اسمین تو نہو
آئینہ وجود و عدم مین اگر ترا — رو درمیان نہو تو کہین ہمکو رو نہو
تار نگاہ و سوزن مژگان یار بن — اپنا جو دل پھٹے تو کسو سے رفو نہو
جھگڑا تو حسن و عشق کا چکتا ہی بیچ — اگر محکمے مین قاضی کے تو روبرو نہو
قطرے کی کھل گئی ہے گرہ ورنہ اے نسیم — شوریدہ دماغ مرغ چمن گل کی بو نہو
گذری سو گذری اہل زمین پر او ہے فلک — آئندہ یہان تلک تو کوئی خوبرو نہو
دل لیکے تجھسے برق کے شعلے کو دیجیے — پر ہے یہہ ڈر کہ اسکی بھی ایسی ہی خو نہو
گل کی نہ تخم مرغ چمن کر سکے تلاش — ہم خام فطرتون سے تری جستجو نہو

سودا بدل سکے قافیہ تو اس غزل کو کہہ
ای بے ادب تو درد سے لب دو بدو نہو

تجھہ بن تو دو جہان سے کچھہ اپنے تئین نہو — ہو وین نہ ہم کہین بھی اگر تو کہین نہو
آزردہ خاطرون کی جو اٹھتو نسے ہم چھپے — پیارے تمہاری ناتہہ کا وہ آستین نہو

دکھلا کے اس کو جو دل آزار کچھ کہو — سنتا نہیں کسی کی مرا یار کچھ کہو

غمزہ ادا نگاہ تبسم ہے دل کا مول — تم بھی اگر ہو اسکے خریدار کچھ کہو

شیریں نے کوہکن سے منگائی نہیں جوے شیر — گر امتحان ہے اسسے بھی دشوار کچھ کہو

ہر آن آ مجھی کو ستاتے ہو ناصحو — سمجھا کے تم اسے بھی تو اکبار کچھ کہو

اے ساکنان کنج قفس صبح کو صبا — سنتی ہیں جائیگی سوے گلزار کچھ کہو

سودا ہوا نعت کا سبب جانتا ہے یار — سمجھیں مخالف اسکو کچھ اغیار کچھ کہو

عالم کی گفت وگو سے تو آتی ہے بوے خون

نیدہ ہی اک نگہ کا گنہگار کچھ کہو

بہار باغ ہو مینا ہو جام صہبا ہو — ہوا ہے ابر ہو ساقی ہو اور دنیا ہو

روا ہی کہہ تو بھلا اے سپہر ناانصاف — ریا ہی زہد چھپے راز عشق رسوا ہو

بھرا ہے اسقدر اے ابر دل ہمارا بھی — کہ اک لہر میں روئے زمین دریا ہو

جو مہرباں ہیں سودا کو مغتنم جانیں

سپاہی زادوں سے ملتا ہی دیکھیے کیا ہو

نہ ہو جیو قتل کر نہیں کسو سے بیر ہے اسکو — چلے تلوار تو آب رواں کی سیر ہے اسکو

یہ عاشق پیشہ عہد اسکے میں سمجھتی ہیں نا محکم — نصیحت کرنے سے منظور ہے کہ خیر ہے اسکو

نگار انداز افسانکا ہی وہ کب سے جا صحرا میں — سوا ہے مرغ دل کب سیل وحشت وقت طیر ہے اسکو

سبب آرام دل کا ہے یہ بے الفتی انکی — نہ اپنے سے محبت ہے نہ مہر غیر ہے اسکو

کیا برگشتہ دیں سودا کو کس کافر کی مژگاں نے

کہ سرمہ چشم کا اب خاک راہ دیر ہے اسکو

درد و لطف بیانہ

غیر پہ نت ہی کرم ہم پہ ستم واہ واہ
دیکھہ لیا بس تمہیں تمہیں صنم واہ واہ

مہر کرے یا جفا جس میں ہو اوسکی رضا
اوسکی رضا میں سدا گذرے ہیں ہم واہ واہ

سبز کیا کشت کو برسکے عالم کی تو
ٹک تو ادہر بہی کبہو ابر کرم واہ واہ

خانۂ مشرب کی دیکھہ تازہ بنا کو دہی
کہتے ہیں یکبخت ساکنین دیر و حرم واہ واہ

سبزۂ خط کے ترے وصف میں مجہسے فلک
رشک سے کہتے ہوئے باغ ارم واہ واہ

کہنے لگے جو کوئی ریختہ سودا کی طرح
اوسپہ زمین سے ہو تا لوح و قلم واہ واہ

آ پہنچ ساقی کہ پہر ایام کب آتے ہیں یہہ
فصل گل کے کچھہ گئے دن کچھہ چلے جاتے ہیں یہہ

